بسم اللہ الرحمن الرحیم

# طریقت کے سلاسل میں سب سے افضل سلسلہ کون سا ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین کہ طریقت کے سلاسل میں سب سے افضل سلسلہ کون سا ہے؟

## جواب

سلاسل میں سب سے افضل سلسلہ، سلسلہ قادریہ ہے، کہ یہ سرکارِ بغداد حضور غوث پاک رضی اللہ تعالی عنہ سے چلا ہے، اور آپ چونکہ امام مہدی کے ظہور تک تنہا غوثیت کبری پر فائز ہیں، کہ اس عرصے میں جس کو بھی ولایت ملی اور ملے گی، وہ آپ ہی کے واسطے سے ملے گی، اس وجہ سے آپ کا سلسلہ تمام سلاسل میں افضل مانا جاتا ہے۔

فتاوی رضویہ میں ہے "افضل السلاسل سلسلہ علیہ، عالیہ۔۔۔قادریہ، طیبہ، مبارکہ" (فتاوی رضویہ، ج26، ص557، 558، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

مزید فتاوی رضویہ میں ہے "بلاشبہ خاندان اقدس قادری تمام خاندانوں سے افضل ہے کہ حضور پرنور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالی عنہ افضل الاولیاء وامام العرفاء وسید الافراد وقطب ارشاد ہیں۔" (فتاوی رضویہ، ج26، ص568، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

سب سے افضل سلسلہ، سلسلہ قادریہ ہے، اس کے حوالے سے ملفوظات اعلی حضرت میں ہے "جمیع سَلاسِل اس سلسلہ اعلیٰ (یعنی سلسلہ قادریہ) کی طرف راجع (یعنی متوجّہ) ہیں۔" (ملفوظات اعلی حضرت، ص65، مکتبۃ المدینۃ، کراچی)

فتاوی شارح بخاری میں ہے "سب سے بہتر سلسلہ قادریہ ہے۔ حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ نے اپنے مکتوبات میں لکھا ہے کہ حضرت امام مہدی تک جس کسی کو منصب ولایت ملے گا وہ سرکار غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ کے توسط سے ملے گا۔ اس لئے سب سے اعلی سلسلہ قادریہ ہوا۔" (فتاوی شارح بخاری، ج02، ص241، 242، برکات المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد حسان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5308

تاریخ اجراء: 05ربیع الاول1448ھ/19اگست2026ء